حق دوستی یہی ہے کہ غلطی پر متنبہ کیا جائے۔ حدیث میں ارشاد ہوا: اپنے بھائی کی مدد کرو چاہے وہ ظالم ہو یا مظلوم، صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ کیسے حضور نے فرمایا: ظالم ہونے کی صورت میں اسے ظلم سے روک دو اور مظلوم ہونے کی صورت میں اس کی مدد کرو۔ ۳۷۱

حدیث: تاخیر رحمان کی طرف سے ہوتی ہے اور عجلت شیطان کی طرف سے۔ ۳۹۷

جلد فتاویٰ رضویہ شریف۔ ۱۷

بیع نہ ہونے کی حالت میں بیعانہ ضبط کر لینا جیسا کہ جاہلوں میں رواج ہے ظلم صریح ہے۔

اپنے مال کا ہر شخص کو اختیار ہے چاہے کوڑی کی چیز ہزار روپیہ کو دے۔ ردالمحتار میں ہے۔

اگر کسی نے کاغذ کا ٹکڑا ہزار کے بدلے میں بیچا تو جائز ہے اور مکروہ نہیں ہے۔ ۹۸

بھاؤ کے لئے حجت کرنا بہتر ہے بلکہ سنت۔ سوا اس چیز کے جو سفر حج کے لئے خریدی جائے اس میں بہتر یہ ہے کہ جو مانگے دے دے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۱۲۸

بیع سے متعلق اہم ترین مسئلہ شرعی۔ ۱۳۹

مبیع اور ثمن سے متعلق حدیث پاک۔ ۲۴۷

چار چیزوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیلی فرمایا۔ ۱- گیہوں ۲- جو ۳- چھوہارے ۴- نمک اور دو کو وزنی فرمایا۔ ۱- سونا ۲- چاندی۔ ۲۹۲

حرمت سود سے متعلق احادیث مبارکہ۔ ۲۹۳

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: اگر قرضدار تنگدست ہو تو اس کو کشادگی اور آسانی مہیا ہونے تک مہلت دو۔ ۳۰۱

عورت کے نماز نہ پڑھنے پر شوہر کے لئے حدیث مبارکہ۔ ۳۰۳

جو کچھ دارالحرب میں حربی سے لیا جائے تو وہ مباح مال ہے سود نہیں۔ ۳۰۸

نہ بہ نیت سود بلکہ اپنے حق کو وصول کرنے کے بارے میں اہم ترین فتویٰ۔ ۳۶۸

۳۲۷،۳۲۳،۳۰۸،۳۲۶،۳۳۴

حدیث پاک: تم میں سے بہتر وہ ہے جو قرض کی ادائیگی میں تم سے بہتر ہے۔ ۳۲۱

ایک نے تجارت کے لئے دیا کہ روپیہ میرا اور محنت تیری اور منافع نصفا نصف، تو یہ جائز ہے۔ ۳۳۵

اگر نوٹ کا طریقہ جو ہم نے رسالہ میں لکھا تجار میں رائج ہو جائے تو بلا شبہ سود لینے دینے کی آفت اٹھ جائے اور لین دین کا عام بازار شرعی جواز کے ساتھ کھل جائے۔ ۳۳۶

ملازمین کے پراویڈنٹ فنڈ کا مسئلہ شرعی حکیم۔ ۳۳۸

کافر غیر ذمی کا مال بلا غدر جو حاصل ہو وہ مال مباح سمجھ کر لینا حلال ہے سود جان کر لینا حرام۔ ۳۴۱

بوہرے رافضی مرتد ہیں اور ہر مرتد کافر ہے بلکہ کافروں کی بدتر قسم۔ ۳۴۸

ذمی کی تعریف یہ ہے کہ سلطنت اسلام میں مطیع الاسلام و جزید گزار ہو کر رہے اور مستامن کی تعریف یہ ہے کہ بادشاہ اسلام سے کچھ دنوں کے لئے امان لے کر دار الاسلام میں آئے۔ ۳۴۸

مال حرام فقیر کو دے کر ثواب کی امید رکھنا کفر ہے۔ ۳۵۲

گروی اور ہنڈوی کا طریقہ صورت سود ہے۔ ۳۵۶

شیئر سے متعلق زبردست فتویٰ۔ ۳۶۲

انشورنس بیمہ پالیسی وغیرہ بالکل قمار ہے۔ ۳۸۱،۳۶۵

مباح صورتوں میں سے بعض قانونی طور پر جرم ہوتی ہیں ان میں ملوث ہونا اپنی ذات کو اذیت و ذلت کے لئے پیش کرنا ہے اور وہ ناجائز ہے۔ ۳۷۰

مسؤلہ سید ایوب علی رضوی علیہ الرحمہ۔ ۳۸۱

ایک شخص چاہتا ہے کہ اسے کچھ نفع جائز شرعی طور پر مل جائے اور سود نہ ہو تو اس کی

فتاویٰ رضویہ شریف۔ ۱۸

قبول شہادت کے لئے شاہد کا عاقل، بالغ، صحیح یاد والا، انکھیارا اور مدعا علیہ پر اپنی گواہی سے الزام قائم کرنے کی لیاقت والا ہونا لازم ہے۔ ۹۳

شریعت مظہرہ میں پابند نماز نہ ہونا تو معاذ اللہ حد درجہ کا فسق ہے تارک جماعت کی گواہی سے بھی طلاق ثابت نہیں ہوتی۔ ۱۰۳

نوکر کی گواہی آقا کے حق میں قبول نہیں۔ ۱۰۴

مسلمان عورت کے نکاح کے لئے دو مسلمان گواہوں کا موجود ہونا شرط ہے۔ ۱۲۳

حدیث: جو کسی قدر زمین ناحق لے لے قیامت کے دن مزین کے ساتوں طبقے تک دھنسایا جائے گا۔ ۱۴۳

اگر شوہر نے تصریح کی کہ یہ زیور تیرے مہر میں دیتا ہوں تو اس قدر مہر سے مجرا ہوگا۔ ۱۶۳

حدیث: ملعون ہے جو اپنے ماں باپ کو ستائے (تین بار) ۳۱۱

مع ماں باپ سے حسن سلوک سے متعلق احادیث۔ ۳۱۰

حدیث: مومن کریم ہونے پر دھوکہ کھاتا ہے اور فاجر شخص شاطر ہونے کی بنا پر دھوکہ ساز ہوتا ہے۔ ۳۲۶

مفتی و حاکم دونوں پر لازم کہ جہاں کی نسبت حکم یا فتویٰ دیں خاص وہاں کے رسم و رواج پر لحاظ کریں۔ ۳۵۱

مسئولہ مفتی لطف اللہ خان۔ ۴۰۵

حدیث: بچہ اس کا جس کا نکاح ہے اور زانی کے لئے پتھر۔ ۴۳۵

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اپنے میں سے دو عادل گواہ بناؤ۔ ۴۳۵

درمختار: جو بات بالاتفاق کفر ہے وہ اعمال و نکاح سب کو باطل کر دیتی ہے اور اس کی اولا دولد الزنا ہے۔ ۴۳۹

اجماع میں ایک وقت کے تمام مجتہدین کا اتفاق درکار ہے ایک کیخلاف سے بھی اجماع نہیں رہتا اور کسی مجلس کے فیصلہ کو اجماع ٹھہرانا سخت سے سخت نادانی ہے۔ شہر بھر کے فقہاء کا اتفاق تو اجمع درکنار فقیہہ کے مقابل اصلاً حجت نہیں ہوتا۔ ۴۹۳

قاضیوں سے متعلق گفتگو۔ ۵۶۰

مفتی و قاضی کو نصیحت اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ ۵۶۵

فتاویٰ رضویہ جلد ۱۹

''علیہ السلام'' لفظ بالاستقلال حضرات انبیائے کرام و ملائکہ عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ خاص ہے ان کے غیر کے لئے استقلالاً جائز نہیں۔ ۱۵۹

بزازیہ میں ہے: اگر اولاد میں سے بعض کو اس کی نیکی کی بناء پر زیادہ دینے میں خصوصیت برتے تو کوئی حرج نہیں ہے اور سب مساوی ہوں تو پھر امتیاز نہ برتے۔ ۲۷۳

یہ مسئلہ ہے جس میں بہت سے قلم غلط راستے پر چل نکلے اور کئی قدم پھسل گئے اور عبد ضعیف نے تنقیح کے حاشیہ پر اس میں اچھے انداز پر کلام کیا۔ ۲۹۰

مشاع کی تعریف۔ ۳۵۲

القابات کے ساتھ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کی تعریف۔ ۳۵۹

فی الواقع بعد نکاح جو کچھ تملیکاً دیا اس سے رجوع نہیں کر سکتا اور قبل نکاح جو کچھ دیا اسے بے مرضی زن واپس لینا گناہ ہے۔ ۳۸۸

اگر بیٹا فاسق ہو تو چاہے کہ اپنا تمام مال خیرات کر دے اور فاسق کو محروم رکھے کیونکہ مال ترکہ چھوڑنے میں فاسق کی معصیت میں اعانت ہوگی۔ ۴۰۲

تعلیم القرآن پر اجرت لینا مفتیٰ بہ قول پر جائز ہے۔ ۴۲۱

حدیث بخاری: قرآن مجید سب چیزوں سے زیادہ اس لائق ہے کہ تم اس پر اجرت لو۔۴۲۲

استاد کے ادب واحترام سے متعلق مواد۔۴۵۱

ملازمت سے متعلق مسائل۔۴۰۷، ۴۵۳ معتمدہ

بیع واجارہ سے متعلق اٹھائیس کتب معتہدہ کی روشن عبارات۔۴۶۵

زانیہ رنڈی کو مکان ہرگز کرایہ پر نہ دیا جائے اگر وہ زانیہ ہے تو اور اگر صرف ناچ گانے کا پیشہ رکھتی ہو تو حرج نہیں کہ فاسقہ ہے۔۴۷۵

وعظ ونعت خوانی سے متعلق روپے لینے دینے پر مسئلہ۔۴۹۵، ۵۳۸

استیجار علی الطاعات حرام و باطل ہے سوا تعلیم علوم دین واذان وامامت وغیرھا۔ ۴۹۸، ~~۵۱۸~~

یہ ضرور نہیں کہ کافر جو بات کہے باطل ہو۔۴۹۹

مسلمان اپنا مکان شراب بیچنے کے لئے اور شراب نوشی کے لئے کرایہ سے دے تو درست ہے۔۵۲۰، ۵۰۱

قول حنفیہ: اجرت طیب ہوگی اگرچہ سبب حرام ہے اس کو محفوظ کرلو یہ ایک سطر میں نادر علم ہے۔۵۰۱، ۵۲۰

بیمہ کرانا شرعاً قمار ہے۔۵۰۲

مسلمان معمار کو بتکدہ کی تعمیر کرنا شرعاً مکروہ ہے اور جو کرے مستحق سزا نہیں۔ ۵۰۴

اجیر خاص (ملازم) سے متعلق احکام شرع۔۵۰۶، ۵۱۸، ۵۲۱ چھوڑنی تنخواہ

نوکری چھورنی چاہے تو اتنے دنوں پہلے سے اطلاع دے، ورنہ اتنی تنکواہ ضبط ہوگی یہ سب باطل وخلاف شرع ہے۔۵۰۶، ۵۱۵

حدیث: سود تہتر گناہوں کا مجموعہ ہے ان میں سب سے ہلکا یہ ہے کہ آدمی اپنی ماں

جلد

فتاویٰ رضویہ شریف۔ ۱۹

اشعار میں سوال اور اشعار میں جواب اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ۔ ۵٦۰

عالم کے افعال پر عوام کو طنز جائز نہیں۔ امام عامر شعبی کہ اکابر ائمہ محدثین سے شطرنج کھیلا کرتے' اب کیا اس بنا پر معاذ اللہ کوئی انہیں سلوب الحواس کہہ سکتا ہی۔

٦١٩ کسی گناہ سے شرع شریف بطلان تصرفات کا حکم نہیں دیتی۔ ٦١٨

باپ کو بے رضاء پسر ااس کا مال لینے کی اجازت نہیں۔ ٦٤٣

جس نے شراب پینے' زنا اور حرام کھانے کی ابتداء میں بسم اللہ پڑھی تو اس میں اس نے کفر کیا۔ ٦٤٩

معاذ اللہ

پسر اس کا

فتاویٰ رضویہ جلد۔ ۱۹

۔ مردم شماری تو محض مہمل و مختل الشکل ہے۔ ۵۹۴

۔ کسی گناہ سے شرع شریف بطلان تصرفات کا حکم نہیں دیتی اور امام عامر شعبی کہ اکابر ائمہ محدثین سے ہیں شطرنج کھیلا کرتے' اب کیا اس بناء پر معاذ اللہ کوئی انھیں مسلوب الحواس کہہ سکتا ہے۔ ٦١٨

فتاویٰ رضویہ-۲۰

جلد۲۰- کتاب الذبائع

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے روز دو خصی چتکبرے، سینگوں والے دنبے ذبح فرمائے۔ ۲۱۷

بسم اللہ، اللہ اکبر بغیر واؤ کے مستحب ہے۔ ۲۱۵

بسم اللہ کے ساتھ تکبیر مستحب ہے۔ ۲۱۷

اگر چاروں میں سے کوئی سی تین کٹ گئیں تو حلال ہے اگر ایک یا دو کٹیں حلال نہ ہو گا۔ ۲۱۹

ضروریات مباح کر دیتی ہیں ممنوعات کو۔ ۲۲۵

رافضیوں اور دیوبندیوں کے کافر ہونے کی وجہ۔ ۲۴۵

دیوبندی کا لایا ہوا گوشت اگرچہ مسلمان لایا ہو مردار ہے۔ ۲۴۹

وہابیوں اور رافضی کا ذبیحہ مردار ہے۔ ۲۵۰

خنثیٰ جانور کی قربانی جائز نہیں کہ اس کا گوشت کسی طرح پکائے نہیں پکتا۔ ۲۵۵

زندہ جانور سے گوشت کاٹا تو وہ حرام ہے۔ ۲۸۸

بکری چوری کر کے ذبح کی تو نہ کھائی جائے کیونکہ حرام قطعی پر بسم اللہ پڑھنے سے کفر ہونے کی بنا پر۔ ۲۹۲

نامعلوم الحال ذبیحہ حلال نہیں سمجھا جائے گا۔ ۲۹۵

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے گائے کی قربانی فرمائی اور راس کے کھانے کھلانے کا حکم فرمایا اور خود بھی ملاحظہ فرمایا یا نہیں اس کا ثبوت نہیں۔ ۳۲۱

جھینگے کے بارے میں حکم شرعی۔ ۳۳۹

شکار کے لئے پندرہ شرطیں۔ ۳۴۹

باب الشفعة

مکان جب تک بیع نہ ہو ہمسایہ (حق شفعة) کے لئے مزاحمت نہیں کر سکتا۔ ۱۱۴

باب القسمة

جس طرح بڑے کام سے منع فرمایا برے نام سے بھی منع فرمایا۔ ۱۹۵

برے

فتاویٰ رضویہ-۲۰

حکایات و اخبار

ذکر کتا جو جفتی کے قابل نہ رہا وہ قربانی میں جائز ہے۔ ٤٥٨ (خصی کا گوشت زیادہ اچھا ہوتا ہے)

جس کے سینگ پیدائشی طور پر نہ ہوں قربانی جائز ہے۔ ٤٥٩

سینگ ٹوٹا جانور۔ ٤٦٠

جانور کے پیدائشی کان دم نہ ہونے پر امام اعظم و امام محمد علیہ الرحمہ کا اختلاف ہے۔ ٤٦١

فتاویٰ رضویہ شریف۔ ۲۱

حدیث: وہ شخص ملعون ہے جس سے خدا کی نام پر کچھ مانگا جائے اور وہ سائل کو کچھ نہ دے۔ ۱۰۴

کافر کا تابعدار ہو کر مجمع کفار میں رہنا اور ان کے کفریات کو دیکھنا سننا مسلمان کی زلت ہے۔ ۱۲۱

کافر کا اقرار کرنا ہی اسے مسلمان ٹھہرانے کے لئے کافی ہے۔ ۱۳۰

بھانڈ جس طرح نقلیں بنایا اور لوگوں کو ہنسایا کرتے ہیں یہ بھی شرعاً حرام ہے۔ ۱۵۶

حدیث: جو مجلس بری کے درمیان بیٹھا وہ ملعون ہے۔ ۱۵۶

کسی حرام کام پر خوشی منانا بھی حرام ہے۔ ۱۵۹

دو قومی نظریہ سے متعلق روشن نکات۔ ۱۸۱

قول امیر المومنین فاروق عدل رضی اللہ عنہ: اے بدبو والی! اپنی اوڑھنی اتار، کیا بیبیوں کے مشابہ بنتی ہے۔ ۱۸۲

خوردبین سے مشاہدہ ہوا کہ دودھ اور پانی میں یقیناً کیڑے ہوتے ہیں۔ ۱۸۸

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وہم کو پالنے سے منع فرمایا کہ کھاتے وقت چھوہارا توڑ کر اس کی تلاشی لی جائے کہ اس میں کوئی کیڑا تو نہیں۔ ۱۸۸

بدمذہب کی تعظیم کے بارے میں وعیدات۔ ۱۹۰

اگر کسی ذمی کافر نے مسلمان سے کہا مجھ پر اسلام پیش کیجئے تو وہ فرض نماز کی نیت توڑ دے (اور پہلی فرصت میں اس کافر کو مسلمان کرے)۔ ۱۹۹

فتاویٰ رضویہ

جلد - ۲۱

مراتب حیات پانچ ہیں (۱) ضرورت (۲) حاجت (۳) منفعت (۴) زینت (۵) فضول ۲۰۵۔

نماز کا وقت تنگ ہے ڈوبتے کو بچانے میں نکل جائے گا' بچائے اور نماز قضاء پڑھے۔۲۰۶

حلال کام میں تیس روپیہ مہینہ پاتا ہے اور نصرانی ناقوس بجانے پر ڈیڑھ سو روپے ماہوار دیں گے' اس منفعت کے لئے یہ نوکری جائز نہیں۔۲۰۹

موچی کو نیچری وغیرہ فاسقانہ وضع کا جوتا بنانے یا درزی کو ایسی وضع کے کپڑے سینے پر کتنی اجرت ملے' اجازت نہیں۔۲۱۰

حدیث: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں حضرت آدم (علیہ السلام) پر مجھے دو خصلتوں میں فضیلت دی گئی' ایک یہ کہ میرا شیطان کافر تھا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس پر غلبہ دیا یہاں تک کہ وہ مسلمان ہوگیا اور میری بیویاں میری مددگار ہیں اور حضرت آدم کا شیطان کافر رہا اور ان کی بیوی نے خطا پر ان کی مدد کی۔۲۱۷

~~فریمیسن۔ تفصیل طلب؟ ۲۲۲~~

مسلمان مطیع پر کوئی چیز نحس نہیں اور کافروں کے لئے کچھ سعد نہیں اور معصیت بجائے خود نحس ہے اگر رحمت و شفاعت اس کی نحوست سے بچالیں بلکہ نحوست کو سعادت کردیں۔۲۲۳

کتا اگر جانماز پر چلا جائے اور اس کے پاؤں اور جانماز دونوں خشک ہوں تو بالاتفاق اس کا دھونا لازم نہیں آتا۔۲۵۸

اگر علی گڑھ کالج کے معلم حرکت ارض و سکون شمس وغیرہا کفریات کا رد متعلمین کے ذہن نشین کریں تو وہ بھی ایک مدرسہ نظامیہ کے رنگ پر ہے۔۲۶۷

حدیث: رفاقت نہ کر مگر مسلمان سے' اور تیرا کھانا نہ کھائے مگر پرہیزگار یعنی سنی۔

۲۶۹

بدگمانی — چھٹیں

عورت کی غایت امر یہی ہے کہ وہ عابدہ، زاہدہ ہو۔ ۴۹۵

حدیث: تین خصلتیں اس امت سے نہ چھٹیں گی: حسد، بگمانی اور بدشگون ۵۰۴

عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ سے کسی نے پوچھا کہ ناس یعنی آدمی کون ہیں، فرمایا: علماء۔ ۵۳۴

ص - معلی طاق

فقہ کا علم حاصل کرنے سے متعلق اقوال: ۵۳۵

شیخ المشائخ

قول حضرت احمد نامقی جامی رضی اللہ عنہ: پہلے عبادت کا معلی طاق پر رکھ اور جا کر علم حاصل کر کیونکہ جاہل شیطان کا مسخرہ ہوتا ہے۔ ۵۵۸

مزامیر کے ساتھ سماع کے بارے میں حضرت محبوب الٰہی نظام الحق والدین محمد رضی اللہ عنہ کے اقوال۔ ۵۶۲

ارشادات عالیہ

قول میر عبدالواحد بلگرامی قدس سرہ: علماء ورثۃ انبیاء ہیں ان کے تین گروہ ہیں۔

(۱) محدثین (۲) فقہا (۳) صوفیاء ۵۶۵

لوگ جس سے ناواقف ہوں اس کے مخالف ہوتے ہیں۔ ۵۷۱

~~نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک تصویر پر اقوال ائمہ کرام۔ ۵۸۵~~

حدیث: ستائش پسندی آدمی کو اندھا بہرا کر دیتی ہے۔ ۵۹۶

عورت کے رحم کے خانوں کی تفصیل۔ ۶۰۰

بھنویں منڈوانا حرام ہے۔ ۶۰۰

مشرکین و کفار اور جاہل و ناواقف مسلمانوں کی تیار کردہ اشیائے خورد ونوش کا حکم ہے کہ محض شک سے ناپاک متصور نہیں ہوں گی۔ ۶۲۰

سینگ ہر جانور یہاں تک کہ مردار کا بھی پاک ہے۔ ۶۲۰

سوائے سور کے ہر مردار کے بال، کھر اور سینگ پاک ہوتے ہیں۔ ~~۲۶۱~~ ۶۲۱

مسواک کی سنت چھوڑ کر نصرانیوں کا برش اختیار کرنا سخت جہالت وحماقت اور مرض قلب کی دلیل ہے۔ ۶۲۱

قول شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث قدس سرہ: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پاک کے فوائد میں سے یہ ہے کہ آنکھ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خیالی صورت قائم ہو جاتی ہے۔ ۵۸۷

کھایا

حدیث: ہدیہ آدمی کو اندھا، بہرا، دیوانہ کر دیتا ہے۔ ۶۲۶

حدیث: جب کھانا کھا جائے تو اپنے جوتے اتار دو کیونکہ ایسا کرنا تمہارے قدموں کے لئے زیادہ باعث راحت ہے۔ ۶۳۰

کھانا

روٹی کے چار ٹکڑے کرنا کوئی ضروری بات نہیں۔ ۶۶۹

دستر خوان پر کھانا رکھ کر کھنا ایسی حالت میں کہ دستر خوان زمین پر بچھا ہوتا نہ کہ کسی اور چیز پر جو زمین کے اوپر ہو (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول مبارک) ۶۳۰

امام مالک رضی اللہ عنہ سے لوگوں نے دریائی سور کا حکم پوچھا۔ فرمایا: حرام ہے۔ عرض کی: وہ سور نہیں ہوتا۔ فرمایا: تمہیں نے اسے اس نام سے تعبیر کیا۔ ۶۳۳

حلال جانور مادہ سے نر جانور حرام جفتی کرے تو بچہ حلال ہے کہ جانور میں نسب ماں سے ہے نہ کہ باپ سے۔ ۶۴۲

برادری۔

تیجہ، دسواں، چہلم کا کھانا مساکین وفقراء کے لئے چاہئے، برداری کی دعوت کے طور پر نہ ہو۔ ۶۴۴

مرتد کی نہ دعوت کرے، نہ اس کی دعوت میں جائے، نہ اس سے کوئی معاملہ میل جول کا رکھے۔ ۶۴۴

ننگے سر کھانا ہنود کی رسم و خلاف سنت ہے۔ ۶۵۲

جھینگے سے بچنے میں احتیاط ہے۔ ۶۵۶

فتاویٰ رضویہ شریف جلد ۔۲۲

ریشم اور سونے کی گھنڈی (بٹن) کے استعمال میں کچھ حرج نہیں ۔۱۱۱
ریشمی مصلیٰ پر نماز پڑھنا مکروہ نہیں کیونکہ اس کا صرف پہننا حرام ہے۔۱۱۳
چاندی کی انگیٹھی میں عود سلگانا، گھڑی باندھنا، یہ سب حرام ہے۔۱۱۳
ریشمی کمر بند کا استعمال مکروہ ہے۔۱۱۳
پتھر کے نگینے یعنی اس کے سوراخ میں سونے کی کیل لگانے میں کچھ حرج نہیں ۔۱۲۱
مردوں کے لئے سونے کے تاروں سے بنا ہوا کپڑا جائز ہے جبکہ اس کی مقدار چار انگلی ہو۔۱۲۳

حدیث: حضور صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کے تعطر (یعنی بے زیور رہنے) کو اور مردوں سے مشابہت بنانے والی عورتوں کو ناپسند فرماتے۔۱۲۷
حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ عورتوں کے بغیر زیور نماز پڑھنے کو ناپسند فرماتیں۔۱۲۸

مسلمان کے ہاتھ لوہے اور پیتل کا زیور بیچنا مکروہ تحریمی ہے۔۱۲۹
سونے یا چاندی کی گھڑی میں وقت دیکھنا مرد وعورت سب کو حرام ہے۔۱۲۹
حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے تانبے، پیتل کے برتنوں میں کھانا پینا ثابت نہیں ۔۱۲۹
تانبہ، پیتل، کانسہ، لوہا تو عورت کو بھی پہننا ممنوع ہے اور نماز بھی مکروہ اور چاندی کا چھلا خاص لباس زنان ہے مردوں کو مکروہ اور مکروہ چیز پہن کر نماز بھی مکروہ، مرد کو چاندی کی انگوٹھی ایک نگ کی ساڑھے چار ماشے سے کم وزن کی جائز ہے۔۱۳۰

شرعاً چاندی کی ایک انگوٹھی ایک نگ کی وزن میں ساڑھے چار ماشے سے کم ہو پہننا جائز ہے اگر چہ بے حاجت مہر اس کا ترک افضل۔۱۴۱

تکبر نہ ہونے کی تشریح یا علامت یہ ہے کہ عمدہ لباس پہننے کے بعد بھی وہی حالت و کیفیت ہو جو پہلے تھی۔۱۴۱

مونچھوں کو تیل لگانا اور سرمہ آنکھوں میں لگانا مکروہ نہیں جبکہ زیب و زینت مقصود نہ ہو اور خضاب لگانے کا ذکر حدیث میں وارد ہوا جبکہ زینت کے ارادے سے نہ ہو باوجودیکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''کس نے اللہ تعالیٰ کی زینت کو حرام ٹھہرایا ہے''۔~~۱۴۳~~ ۱۴۲

کان کٹ جائے یا دانت گر جائے تو امام اعظم علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ صرف چاندی کے بنا کر لگائے جائیں جبکہ امام محمد علیہ الرحمۃ کے نزدیک سونے کے لگانے بھی جائز ہیں۔۱۴۴

بعض تابعین سے مروی ہے کہ صرف تین آدمی انگوٹھی پہنتے ہیں: ایک امیر، دوسرا کاتب اور تیسرا بے وقوف۔۱۴۹

لوہے، پیتل، تانبے اور قلعی کی انگوٹھی مردوں اور عورتوں کو پہننا ممنوع ہے۔۱۵۴

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کسی نے عورت کو پیچھے سے دیکھا اور اس کے لباس پر نظر پری یہاں تک کہ اس کی ہڈیوں کا حجم واضح اور ظاہر ہو گیا تو ایسا شخص (جو غیر محرم کو دیکھ کر لطف اندوز ہونے والا ہے) جنت کی خوشبو تک نہ پائیگا۔۱۶۳ پڑی

زعفرانی سرخ اور زرد رنگ مردوں کے لئے مکروہ ہے۔۱۸۴

مولا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے فرمایا: جو کپڑا منگل کے روز قطع کیا جائے وہ جلے یا ڈوبے یا چوری ہو جائے۔۱۸۴ (چوری)

حدیث: سرخ رنگت سے بچو اس لئے کہ وہ شیطانی صورت اور ہیئت ہے۔۱۸۵

اعتجار کو علماء نے مکروہ لکھا ہے۔ پاجامہ پہننا ثابت نہیں۔۱۸۷

ترکی ٹوپی کہ اس کی ابتداء نیچریوں سے ہوئی اور ان کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں۔

بوقت ضرورت بقدر ضرورت طبیب جائے مرض (خواہ وہ جائے پردہ ہو) کو دیکھ سکتا ہے اور قدر ضرورت محض اندازے سے ہوگی۔ اسی طرح دایہ اور ختنہ کرنے والے کا معاملہ ہے۔ ۵۹۴

داڑھی میں بچیہ کے بالوں سے متعلق تحقیق۔ ۵۹۷

عورت کی ختنہ سے متعلق۔ ۶۰۳، ۶۸۰

بسیں لبوں کی نسبت یہ حکم ہے کہ بسیں پست کرو کہ نہ ہونے کے قریب ہوں البتہ منڈوانا نہ چاہیے، اس میں علماء کو اختلاف ہے۔ ۶۰۶

قول عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما: اگر میرے اونٹ کی رسی گم ہو جائے تو قران عظیم میں اسے پالوں۔

قول مولیٰ علی رضی اللہ عنہ: میں چاہوں تو سورۂ فاتحہ کی تفسیر سے ستر اونٹ بھروا دوں۔ ۶۱۹

واقعۂ امام شافعی رضی اللہ عنہ۔ ۶۳۰

قول امام ابو یوسف رضی اللہ عنہ: جس کی داڑھی عظیم یعنی بڑی ہو اس کی معرفت بڑی ہوگی۔ ۶۵۶

ہیجڑے کے دونوں فرجوں (شرمگاہوں) کا ختنہ کیا جائے۔ ۶۸۲

محل ستر (عورۃ) کو کسی عمدہ کام کے حصول کے لئے دیکھنا مباح نہیں ہو سکتا۔ ۶۸۲

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بغیر حج کبھی سر منڈوانا ثابت نہیں۔ ۶۹۰

داڑھی منڈوانے والے یا کترنے والے یا داڑھی چڑھانے والوں سے میلاد نہ پڑھوایا جائے۔ کس قدر بیباکی ہے کہ عین حاضری دربار میں صورت مخالف حکم ہو۔ ۶۹۱

فتاویٰ رضویہ۔۲۳

عام طور پر جو فال دیکھنا رائج ہے معصیت سے خالی نہیں اور اگر فال کے احکام قطع ویقین کے ساتھ لگاتا ہو تو وہ مسلمان ہی نہیں۔ ۱۰۰

جمعرات کی فاتحہ جائز ہے۔ ۱۳۲

حدیث: کوئی گھر والے ایسے نہیں کہ آپس میں صلہ رحم کریں پھر محتاج ہو جائیں۔ ۱۴۳

حدیث: مہمان اپنا رزق لے کر آتا ہے اور کھلانے والوں کے گناہ لے کر جاتا ہے۔ ۱۵۰

حدیث: ایک آدمی کی خورکا دو کو کفایت کرتی ہے۔ ۱۵۲

صاحب مستدرک کا واقعہ۔ ۱۵۶

ماہ محرم اور خصوصاً ۹ تاریخ کی شب میں نکاح کرنا جائز ہے۔ ۱۹۳

حدیث: جب معد بن عدنان کی اولاد میں چالیس مرد ہو گئے۔ ۲۱۸

حدیث: اپنے نطفے کے لئے اچھی جگہ تلاش کرو۔ ۲۳۰

حدیث: اچھی نسل میں شادی کرو کہ رگ خفیہ اپنا کام کرتی ہے۔ ۲۳۰

حدیث: گھوڑے کی ہریالی سے بچو، بری نسل سے خوب صورت عورت۔ ۲۳۰

حدیث: بے شک اللہ تعالیٰ آدمی کی صلاح سے اس کی اولاد اور اولاد در اولاد کی صلاح فرما دیتا ہے۔ ۲۴۱

حدیث: اللہ تعالیٰ بندۂ مؤمن کی اولاد میں اسی برس تک اس کی رعایت کرتا ہے۔

حدیث: بے شک فاطمہ نے اپنی حرمت پر نگاہ رکھی تو اللہ تعالیٰ نے اسے اور اس کی تمام نسل کو آگ پر حرام فرمادیا۔۲۴۴

حدیث: میں نے اپنے رب عزوجل سے مانگا کہ میرے اہل بیت سے کسی کو دوزخ میں نہ لے جائے، اس نے میری یہ مراد عطا فرمائی۔۲۴۴

حدیث: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بتول زہرا سے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نہ تجھے عذاب فرمائے گا نہ تیری اولاد کو۔۲۴۵

حدیث: فاطمہ زہرا کا نام فاطمہ اس لئے ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے اور اس کی نسل کو قیامت میں آگ سے محفوظ فرمادیا۔۲۴۵

حدیث: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے رب نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ میرے اہل بیت سے جو شخص اللہ کی وحدانیت اور میری رسالت پر ایمان لائے گا اسے عذاب نہ فرمائے گا۔۲۴۶

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم: اے علی! سب میں پہلے وہ چار کہ جنت میں داخل ہوں گے، میں ہوں اور تم، حسن اور حسین اور ہماری ذریتیں ہمارے پس پشت ہوں گی۔۲۴۶

فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم: حدیث: سب سے پہلے میرے پاس حوض کوثر پر آنے والے میرے اہل بیت ہیں اور میری امت سے میرے چاہنے والے۔۲۴۶

حدیث: الٰہی! وہ تیرے رسول کی آل ہیں تو ان کے بدکاران کے نکوکاروں کو دے ڈال اور ان سب کو جھبہ فرمادے پھر فرمایا: مولیٰ تعالیٰ نے ایسا ہی کیا۔۲۴۷

شادی کے موقع پر نیوتہ وصول کرنا شرعاً جائز ہے اور دینا ضروری ہے کہ وہ قرض ہے۔۲۶۸

حدیث: بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے تین کاموں کو ناپسند فرمایا: (۱) فضول

باتیں کرنا (۲) مال کو ضائع کرنا (۳) بہت زیادہ سوال کرنا اور مانگنا۔ ۲۷۹

مجھے اپنی بقا کی قسم وہابیوں میں سوائے جہالت کے کچھ نہیں۔ ۳۱۶

حدیث: اللہ تعالیٰ کے سب سے زیادہ دشمن تین شخص ہیں: مفلس متکبر، بوڑھا زانی اور جھوٹ بولنے والا بادشاہ۔ ۳۲۶

ہمارے علماء تصریح فرماتے ہیں کہ نفس حروف قابل ادب ہیں اگرچہ جدا جدا لکھے ہوں اور حرفوں کی تعظیم کی جائے اور تصریح فرمائی کہ کتاب پر دوات رکھنا منع ہے۔ ۳۳۶

کیونکر ادب ہوگا کہ کتابیں نیچے رکھی ہوں اور آپ اوپر بیٹھیں، کیا ایسے لوگوں کو بے ادبی کی شامت سے خوف نہیں، حروف تہجی خود کلام اللہ ہیں کہ ہود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نازل ہوئے۔ ۳۳۷

بوسیدہ مصحف شریف کو قبر میں رکھ کر اوپر چھت بنادی جائے تاکہ اس پر مٹی نہ پڑے اور نہ اس تک مٹی پہنچے۔ ۳۳۹

درمختار میں ہے وہ کتابیں اور کاغذات جن سے فائدہ نہیں اٹھایا جاسکتا ان سے اللہ تعالیٰ، اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں کے مقدس نام کسی طرح سے مٹا کر باقی حصہ جلا دیا جائے۔ ۳۴۰

سانپ یا ایسی دوا جس میں سانپ ڈالا جائے علاج کے لئے بھی کھانا حلال نہیں اگرچہ حکیم حاذق کہے کہ تیرا مرض بغیر اس کے نہ جائے گا۔ ۳۴۸

فتاویٰ رضویہ-۲۳

برہنہ جماع کرنا خود مکروہ اور بحالت برہنگی قبلہ کو منہ یا پیٹھ کرنا دوسرا مکروہ وخلاف ادب ۳۴۸

پیشاب اور پاخانہ کی ضرورت کے، وقت قبلہ رخ ہو کر یا اس کی طرف پیٹھ کر کے بیٹھنا تحریمی مکروہ ہے۔۳۵۰

عورتیں فطرتاً کمزور ہوتی ہیں۔۳۶۸

دو بیویوں میں سے کسی ایک سے دوسری کی موجودگی میں ہمبستری کرنا مکروہ ہے۔ ۳۷۳

کعبہ شریف کی جانب پشت کر کے دیوار مسجد کے سہارے سے بیٹھ کر تسبیح کرنا نامناسب ہے۔ حدیث میں ہے: سب میں بہتر نشست رو بہ قبلہ ہے۔۳۷۶

جمعہ کی چھٹی ہمیشہ معمول علمائے اسلام ہے۔۳۷۹

مع بی بی سے ہمبستری کس طرح سنت۔۳۸۵

عورت کی پستان چوسنے سے متعلق مسئلہ شرعی۔۳۷۶

مع حاملہ سے صحبت کا مسئلہ۔۳۷۹

حدیث: مسجد کے پڑوسی کی نماز، سوائے مسجد، نہیں ہوتی۔۳۸۰

بے علم کا ترجمہ قرآن دیکھ کر سمجھ لینا ممکن نہیں بلکہ اس کے نفع سے اس کا ضرر بہت زیادہ ہے جب تک کسی عالم ماہر کامل سنی دیندار سے نہ پڑھے۔ ترجمہ شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کے سوا آج تک اردو فارسی جتنے ترجمہ قرآن چھپے ہیں کوئی صحیح نہیں بلکہ ان باتوں

پر مشتمل ہیں کہ بے علم بلکہ کم علم کو بھی گمراہ کر دیں۔ ۳۸۲
دیواروں پر کتابت سے علماء نے منع فرمایا ہے۔ ۳۸۴
حرف (ص) لکھنا جائز نہیں۔ ۳۸۷
فارسی اور اردو زبانیں عربی کی خادم ہیں۔ ۳۹۱
قول فاروق اعظم رضی اللہ عنہ: عجمی لوگوں کی زبانیں بولنے سے بچو۔ حدیث:
کیونکہ یہ چیز نفاق پیدا کرتی ہے۔ ۳۹۱
علمائے کرام نے زمخشری معتزلی کا تفسیر میں بعض ابیات یزل لانا اگرچہ بزوجہ
استشہاد تھا سخت مذموم معیوب وخلاف ادب جانا۔ ۳۹۲
مہروں میں یہ رسم ہے کہ نیچے سے اوپر کو پڑھی جاتی ہیں۔ ۳۹۲
یہ فالنامے جو عوام میں مشہور اور اکابر کی طرف منسوب ہیں۔ بے اصل وباطل ہیں،
اور قرآن عظیم سے فال کھولنا منع ہے اور دیوان حافظ وغیرہ سے بطور تفاؤل جائز ہے۔
۳۹۷
قرآن مجید کی آیت پیشاب سے لکھنے سے متعلق سوال کا جواب۔ ۳۴۰
تعویز لکھنے کے لئے انگریزی قلم سے احتراز مطلقاً بہتر ہے۔ ۳۹۷
غیر مسلم کو آیات قرآنی، اسماالٰہیہ ونقوش مطہرہ نہ دیں کہ ان کی تعظیم واجب ہے اور
اساعت ادب کا مظفہ ہے بلکہ ان کے اعداد لکھ دیں۔ ۳۹۷
وظائف بلاوضو بھی پڑھ سکتے ہیں اور باوضو بہتر۔ ۳۹۹
مسلمان کی دلداری وظیفہ میں بات نہ کرنے سے اہم واعظم ہے۔ ۳۹۹
عمل پڑھ رہا ہے اور ماں باپ نے آواز دی جواب دینا فرض ہے۔ ۳۹۹
جہاں قرآن کریم کی کوئی آیۃ کریمہ لکھی ہوئی ہو کاغذ یا کسی شے پر اگرچہ اوپر شیشہ
ہو جو اسے حاجب نہ ہو جب تک اس پر غلاف نہ ڈال لیں وہاں جماع یا برہنگی بے ادبی
ہے۔ ۴۰۴

فتح القدیر میں ہے۔ ہر وہ کام جو ادب واحترام میں داخل ہو وہ اچھا ہے۔ ۴۰۵

حدیث: مومن کا ہر کھیل باطل ہے اور ایک جگہ: ہر کھیل حرام ہے مگر تیل۔ ۴۳۱ تین

کسی بالغ مرد کا کسی آزاد عورت کے ستر کی طرف نگاہ کرنا حرام ہے۔ ۴۳۷

درمختار میں ہے: سجدۂ تلاوت واجب نہ ہوگا جبکہ کسی پرندے سے آیت سجدہ سنے۔

۴۴۶

نورالایضاح میں ہے۔ سونے والے کو جب بتایا جائے کہ اس نے بحالت خواب آیت سجدہ پڑھی تو اس پر سجدہ کرنا واجب ہے لیکن فتح القدیر میں شیخ الاسلام نے ذکر فرمایا: اگر دیوانے یا سونے والے یا پرندہ سے آیت سجدہ سنی تو سجدۂ تلاوت واجب نہیں کیونکہ اس کا سبب تلاوت صحیحہ ہے۔ ۴۴۷

تنویر و در (میں) ہے آواز بازگشت (گونج) سے آیت سجدۂ نہیں تو سجدۂ (ت)لاوت واجب نہیں۔ ۴۴۸

~~پلیٹوں اور گلاسوں کے بنانے میں مسالا جو ان پر لگایا جاتا ہے کی تحقیق انیق۔ ۴۵۲~~

اسپرٹ قطعاً شراب ہے اور شرابیں پینے سے نشہ لاتی ہیں اور اسپرٹ صرف سونگھنے سے تو وہ حرام بھی ہے (اور) پیشاب کی طرح نجاست غلیظہ بھی۔ ۴۵۳

ہمارے علمائے کرام تصریح فرماتے ہیں کہ نجاست کی جگہ قرآن مجید پڑھنا منع ہے۔ ۴۵۳

تنویر میں ہے۔ میت کو غسل دینے تک اس کے پاس قرآن مجید پڑھنا مکروہ ہے مع اس کی تحقیق۔ ۴۵۴

امراؤالقیس صاحب لواء الشعرا الی النار (امرؤالقیس شاعروں کا علمبردار آتش دوزخ میں ہے) ۴۵۹

ریل کے انجن کا سوراخ جس سے لوگوں کا جان و مال بچانے کے لئے ان کی اطلاع دہی کو آواز نکالی جاتی ہے۔ اس کی آواز کو بھی سیٹی کہتے ہیں مگر یہ نام اس فعل حسن

فتاویٰ رضویہ جلد - ۲۳

سب میں پہلے تحقیق طلب ان پلیٹوں گلاسوں کی طہارت ہے، مسالا کہ ان پر لگایا جاتا ہے کی تحقیق انیق ... ۴۵۲.

کو ممنوع سیتی کے حکم میں نہ کر دے گا۔ ۴۶۶

ہدایہ میں ہے خصی لوگوں سے خدمت لینا مکروہ ہے کیونکہ ان لوگوں سے خدمت لینے کی رغبت رکھنا لوگوں کو اس برے کام پر آمادہ کرنا ہے اور یہ "مثلہ" ہونے کی وجہ سے حرام ہے۔ مع تحقیق۔ ۴۶۲

یہ بات یاد رکھنے کی ہے۔ بہت جگہ کام دے گی؛ جس چیز کا بنانا ناجائز ہوگا اسے خریدنا کام میں لانا بھی ممنوع ہوگا اور جس کا خریدنا کام میں لانا منع نہ ہوگا اس کا بنانا بھی ناجائز نہ ہوگا۔ ۴۶۴

آیت قرآنی کا ترجمہ: اے ایمان والو! تم اپنی جان کی اصلاح کر لو تمہیں اوروں کی گمراہی سے نقصان نہیں جبکہ تم خود راہ پر ہو۔ ۴۶۴

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لہو مباح تک میں اپنا ذکر کریم ناپسند فرمایا...... ۴۶۵ (مع تفصیل و تحقیق)

شیعوں کی اذان میں حضرت علی مرتضی رضی اللہ عنہ کی نسبت کلمۂ خلیفہ رسول اللہ بلا فصل کا سننا سنی کے لئے بمنزلہ برا سننے کے نہیں بلکہ حقیقۃً تبرا سننا ہے۔ والعیاذ باللہ رب العالمین۔ ۴۷۲

بے عقل لوگوں کی دوستی اصل میں دشمنی ہے۔ ۴۷۲

روافض کے پیشواؤں نے کہا کہ اذان میں خلیفہ رسول اللہ بلا فصل وغیرہ زیارت کی موجد ایک ملعون قوم ہے۔ ۴۷۳

شیعوں کی معتبر کتابوں میں تصریح کہ اذان میں صرف اتنا بڑھانا بھی حرام ہے کہ اشہد ان علیا ولی اللہ۔ اور یہ زیادتیاں اس فرقۂ ملعونہ کی نکالی ہوئی ہیں جو باتفاق اہلسنت وشیعہ کافر ہیں۔ ۴۷۹

حدیث: زرد خضاب ایمان والوں کا ہے اور سرخ اسلام والوں کا اور سیاہ خضاب کافروں کا۔ ۴۸۴

خطبہ کے وقت سلام وکلام مطلقاً حرام ہے۔ ۵۹۷

ذمی پر ظلم مسلمان پر ظلم سے اشد ہے۔ ۵۹۷

افیون کی تجارت دوا کے لئے جائز اور افیونی کے ہاتھ بیچنا ناجائز ہے۔ ۶۰۱

جبکہ یہ بیمہ صرف گورنمنٹ کرتی ہے اور ان میں اپنے نقصان کی کوئی صورت نہیں تو جائز ہے۔ ۶۰۱

درمختار میں ہے کسی کے بھاؤ پر بھاؤ لگانا مکروہ تحریمی ہے۔ ۶۰۵

اساءت مکروہ تنزیہی سے بڑھ کر اور تحریمی سے کمتر ہوتی ہے۔ ۶۰۵

سرکاری وصولیاں عدل کے ساتھ اجرت پر وصول کرنے پر ثواب ہوگا اگرچہ یہ اصل میں ظلم ہو۔ ۶۰۸

دوجہ اگرچہ غنیۃ ہو اس کا کفن و دفن شوہر پر ہے یونہی اقارب کا جبکہ مال نہ چھوڑیں بلکہ ہر مسلمان کا کفن دفن مسلمانوں پر فرض کفایہ ہے۔ جب ایک شخص میں منحصر ہو جائے تو فرض عین ہو جائیگا۔ ۶۱۱

بیوی کو فربہ بننا مندوب ہے۔ ۶۱۲

مختلف انواع کے پھلوں میں کوئی حرج نہیں جبکہ ترک افضل ہے۔ ۶۱۳

مباح چیز نیت کے تابع ہوتی ہے۔ ۶۱۳

دو شہرتوں سے منع فرمایا: ایک حد سے زیادہ نفاست اور دوسری حد سے زیادہ رسوائی۔ ۶۱۶

انسان کا گوشت اضطراری حالت میں بھی مباح نہیں انسانی کرامت کی وجہ سے۔ ۶۱۹

علم وہ ہے جو مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا ترکہ ہے، نہ وہ جو کفار یونان کا پس خوردہ۔ ۶۲۸

ضرورت سے زائد حساب یا جغرافیہ وغیر ہما داخل فضولیات ہیں۔ ۶۲۹

نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ علم تین ہیں قرآن یا حدیث یا وہ چیز جو وجوب
عمل میں ان کی ہمسر ہے اور ان کے سوا جو کچھ ہے سب فضول۔ ۶۲۹
مصداق فضائل صرف علوم دینیہ ہیں پس ان کے سوا کوئی علم شرع کے نزدیک علم نہ
آیات واحادیث میں مرراد۔ ۶۲۸ مراد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو کسی کام کے نہ کرنے کی قسم کھائے اور
پھر دیکھے کہ اس کام کا کرنا بنسبت دوسرے کام کے بہتر ہے تو بہتر کام ہی کرو البتہ اپنی قسم
کا کفارہ ادا کرو۔ ۶۳۷

نو برس سے کم کی لڑکی کو پردہ کی حاجت نہیں اور جب پندرہ برس کی ہو سب غیر محارم
سے پردہ واجب اور نو سے پندرہ تک اگر آثار بلوغ ظاہر ہوں تو واجب اور نہ ظاہر ہوں تو
مستحب خصوصاً بارہ برس کے بعد مؤکد کہ یہ زمانہ قرب بلوغ وکمال اشتہا کا ہے۔ ومن لم
یعرف اہل زمانہ فھو جاہل۔ ۶۳۹

علم دین سیکھنے سے متعلق زبردست فتویٰ۔ ۶۴۷-۶۵۱

استاد کے شاگرد کو مارنے سے متعلق فتویٰ۔ ۶۵۲

عورتوں کو لکھنا سکھانا شرعاً ممنوع وسنت نصاریٰ وفتح باب ہزاراں فتنہ اور مستان
سرشار کے ہاتھ میں تلوار دینا ہے۔ ۶۵۳

حدیث: جس کسی کے ہاں تین بچے پیدا ہوئے پھر اس نے ان میں سے کسی کا نام
محمد نہ رکھا تو اس نے جہالت کی۔ ۶۷۰

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہ کو لکھنے کی حضرت زبیر اور حضرت
عبدالرحمٰن ابن عوف رضی اللہ عنہ کو ریشم پہننے کی اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ پر نوحہ اور
رونے کی اجازت دی تھی۔ اس کے بعد ان کاموں سے منع فرما دیا تھا تو پھر یہ رخصت
دینے کی صورت میں بعض کی تخصیص ہوئی۔ ۶۷۴

مرد ہر زمانے میں لاکھوں کاتب ہوئے اور عورتیں تیرہ سو برس میں مصدود۔ ۶۷۶ معدود

عالم دین سنی المذہب جو اپنے اہل علم شہر میں اعلم ہو ضرور ان کا حاکم شرعی ہے۔

۶۸۱

حدیث: جو شخص فتویٰ دینے میں زیادہ جرات رکھتا ہے وہ آتش دوزخ پر زیدہ دلیر ہے۔ ۶۸۲

حدیث: جو بغیر علم کے قرآن کے معنی کہے وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنالے۔ ۶۸۲

سند کوئی چیز نہیں، بہتیرے سند یافتہ محض بے بہرہ ہوتے ہیں اور جنہوں نے سند نہ لی ان کی شاگردی کی لیاقت بھی ان سند یافتوں میں نہیں ہوتی۔ ۶۸۳

سائنس میں وہ باتیں ہیں جو عقائد اسلام کے قطعاً خلاف ہیں۔ بچوں کی تربیت دینے تہذیب وانسانیت سکھانے کے لئے دنیا بھر میں کوئی مسلمان نہ رہا عرب، مصر، روم، شام حتیٰ کہ حرمین شریفین کے علماء ومشائخ میں کوئی اس قابل نہیں۔ ہاں کمال مہذب وشیخ تربیت و پیرافادت بننے کے لائق یورپ کے عیسائی ہیں۔ ۶۸۵

جو شیطان کو دور سمجھتا ہے شیطان اس سے بہت قریب ہے۔ وہ مستحب چاہتی ہے اور حرام نہیں چھوڑتی یہ بھی شیطان کا مکر ہے۔ ۶۸۶

قرآن مجید بے پڑھے کوئی شخص صحیح نہیں کر سکتا، جس نے قرآن مجید نہ پڑھا اور استادوں سے صحیح نہ کیا اسے جائز نہیں کہ اوروں کو پڑھائے، نہ لوگوں کو جائز ہے کہ اس سے پڑھیں یا اپنی اولاد کو اس سے پڑھوائیں وہ سب گنہگار ہوتے ہیں۔ ۶۸۸

عالم پر زبانی بیان حکم فرض ہے جو دیکھ کر دینا ضروری نہیں۔ ۶۸۹

لڑکیوں کو لکھنا سکھانا مکروہ......نو برس کی عمر کی لڑکی مشتہاۃ ہوتی ہے۔ ۶۹

وجوب مناظرہ کے لئے شرائط ہیں اگر وہ سب پائے جاتے ہیں تو مناظرہ لازم ہو جاتا ہے۔ ۶۹۱

عمران بن حطان رقاشی کا واقعہ۔ ۶۹۲

حدیث: اسلام میں ضرر اور ضرار دونوں نہیں۔ ۶۹۴

پیرو استادِ علم دین کا مرتبہ ماں باپ سے زیادہ ہے۔ ۷۰۱

مع استاد کا انکار کفرانِ نعمت ہے۔ ۷۰۷

اگر صراحۃً نماز کا وقت جارہا ہے اور عالم نہیں اٹھتا تو جاہل کا یہ کہنا گستاخی ہے کہ نماز کو چلئے وہ اس کے لئے ہادی بنایا گیا ہے نہ کہ یہ اس کے لئے۔ ۷۰۸

نذیر احمد کا نہ ترجمہ صحیح ہے نہ ایمان، وہ شخص منکر خدا تھا۔ ۷۰۸

جاہل کو وعظ کہنے کی اجازت نہیں وہ جتنا سنوارے گا اس سے زیادہ بگاڑے گا۔ ۷۱۷

علمائے دین کو مجالس میں صدر مقام و مسند اکرام پر جگہ دینا کہ سلفاً و خلفاً شائع و زائع اور شرعاً و عرفاً مندوب و مطلوب۔ ۷۱۸

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ عنہ کی خدمت اقدس میں ایک سائل کا گزر ہوا اسے ایک ٹکڑا عطا فرمادیا ایک شخص خوش لباس شاندار گزرا اسے بٹھا کر کھانا کھلایا اس بارہ میں ام المومنین سے استفسار ہوا۔ فرمایا: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہر شخص سے اس کے مرتبہ کے لائق برتاؤ کرو۔ ۷۱۸

پست درجہ والے کو اس کی حیثیت سے بڑھانا بھی مناسب نہیں۔ ۷۱۹

کسی شخص کو لوگوں سے اپنے لئے طالب قیام ہونا مکروہ۔ ۷۱۹

سیدنا مولیٰ علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کہیں تشریف فرما ہوئے صاحب خانہ نے حضرت کے لئے مسند حاضر کی امیر المومنین اس پر رونق افروز ہوئے اور فرمایا: کوئی گدھا ہی عزت کی بات قبول نہ کرے گا۔ ۷۲۰

عورت کے ساتھ دو شیطان ہوتے ہیں اور امرد کے ساتھ ستر۔ علماء فرماتے ہیں امرد کا حکم مثل عورت کے ہے۔ ۷۲۱

ردالمحتار میں ہے: لڑکا جب مردوں کی حد کو پہنچ جائے اور خوبصورت نہ ہو تو وہ مردوں کا حکم رکھتا ہے یعنی اس پر مردوں والے حکم کا اطلاق ہوگا اور اگر وہ خوبصورت ہو تو

عورتوں کا حکم رکھتا ہے۔۲۲ے

حدیث: ہم کسی مشرک سے، مدد نہیں لیتے۔۲۳ے

علمائے کرام تو امور دین میں کافر کتابی سے اتنی مدد یعنی بھی مکروہ رکھتے ہیں کہ اپنی قربانی زبح کرنے کو اس سے کہے۔۲۳ے

عام سڑک پر خصوصاً بازار میں جہاں آمدورفت کی کثرت زیادہ دیتی ہے فرش کر کے کتاب پڑھنا کہ یہ حق عامہ میں دست اندازی ہوئی شریعت میں تو اسی لحاظ سے راستہ میں نماز پڑھنی بھی مکروہ ہوئی نہ کہ بازار کی سڑک پر مجلس۔۲۴ے

زید نے جو اپنی مجلس خوانی خصوصاً راگ سے پڑھنے کی اجرت مقرر کر رکھی ہے ناجائز و حرام ہے۔۲۴ے

داڑھی منڈوانے یا کتروانے والے کو بوجہ خوش آوازی خواہ کسی علت نفسانی کے باعث اسے منبر و مسند پر کہ حقیقۃً مسند حضور پرنور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہے تعظیماً بٹھانا اس سے مجلس مبارک پڑھوانا حرام ہے۔۳۴ے

روایات موضوعہ پڑھنا بھی حرام سننا بھی حرام مع تفصیل۔۳۴ے

غم پروری کا شرع شریف، میں حکم نہیں، نہ غم و ماتم کی مجلس بنانے کی اجازت۔ ۳۸ے

اگر کوئی واعظ شہادت حسین رضی اللہ عنہ کو بیان کرنا چاہے تو اس کے لئے مناسب یہ ہے کہ پہلے باقی صحابہ کرام کی شہادت کے واقعات لوگوں کو سنائے تاکہ روافض سے مشابہت نہ ہو۔۴۰ے

قول امام شافعی رضی اللہ عنہ: رافضی اس امت کی مادہ ہیں۔۴۱ے

تالی بجانا نصاریٰ کی سنت ہے۔۴۴ے

مجلس ذکر شہادت روایات صحیحہ سے ہو تو اگر تجدید غم و جلب بکاء مقصود ہے۔ بے شک نامحمود ہے اور اگر ذکر فضائل محبوبان خدا مراد ہے تو مور دِ رحمت جواد ہے۔۴۶ے

رباری گیارھویں شریف ''سید وسلطان فقیر وخواجہ مخدوم وغریب'' نہ پڑھی جائے
اس میں بعض الفاظ خلاف شان اقدس ہیں۔۷۴۶

طریقہ فاتحہ گیارھویں شریف۔۷۴۶

محفل مولود شریف میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے متعلق۔۱
سحری کے وقت چیونٹی نے یہی دعا مانگی شاید اس کے یہاں حضرت سلیمان مہمان بن کر
تشریف لائیں۔۲-ایک دانا پرندے نے اس سے کیا خوب کہا۔حضرت سلیمان تو ضرور
جلوہ افروز ہوں مگر کون سی جگہ ہو؟ ذرا یہ تو کہہ دے۔۷۴۹

جو ہماری خوشی کرتا ہے،ہم اس سے خوش ہوتے ہیں۔صلی اللہ علیہ وسلم۔۷۵۴

رافضیوں کی مجلس میں جانا موجب لعنت ہے۔۷۵۶-۷۵۷

سیاہ کپڑے علامات سوگ میں اور سوگ حرام ہے۔۷۵۶

انبیاء واولیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی ندا ندائے غیر اللہ نہیں بلکہ اللہ ہی کی ندا ہے مع
تفصیل۔۷۵۸

ہمارے نزدیک شطرنج کھیلنا حرام اور گناہ کبیرہ ہے۔۷۷

ناچنا کبیرہ گناہ ہے۔۸۸-- اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے زمین پر اترا کر نہ چلو......ناچنا
اترانے اور فخر کرنے سے بھی زیادہ بڑا جرم ہے۔۸۹...... ناچ بالاجماع حرام ہے۔
۸۹......ناچ کو حلال کرنے والا یعنی جائز قرار دینے والا کافر ہے۔۸۹

حدیث: لوگو رویا کرو اگر رونہ سکو تو رونی صورت بنایا کرو۔۱۰۰

فتاویٰ صغریٰ میں ہے کہ جو شخص کہے اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں نے یہ کام کیا ہے
حالانکہ اس نے وہ کام نہ کیا ہو تو وہ کافر ہو جاتا ہے' کیوں؟ اس لیے کہ اس نے اللہ تعالیٰ
پر جھوٹ باندھا۔۱۰۳

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ایک شخص کو چوری کرتے ہوئے دیکھا تو فرمایا کیا تو
نے چوری کی؟ اس نے کہا ہرگز نہیں' اس خدا تعالیٰ کی قسم جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔

حضرت عیسیٰ نے فرمایا۔ میں اللہ پر ایمان لایا اور میں نے اپنی آنکھوں کو جھٹلایا۔ ۱۱۰

حدیث صحیح بخاری: ضرور میری امت میں وہ لوگ ہونے والے ہیں جو حلال ٹھہرائیں گے عورتوں کی شرمگاہ یعنی زنا اور ریشمی کپڑے اور شراب اور باجوں کو۔ ۱۱۵

بندگان نفس کو نظر اجنبیہ میں نظر حلیلہ سے زیادہ لذت آتی ہے۔ ۱۲۳

حدیث: جنت ان چیزوں سے گھیر دی گئی ہے جو نفس کو ناگوار ہیں اور دوزخ ان چیزوں سے ڈھانپ دی گئی ہے جو نفس کو پسند نہیں۔ ۱۳۰

مزامیر کو دیکھئے کفار، فساق، فجار رات دن ان میں منہمک ہیں تو واضح ہوا کہ وہ شہوات نفس ہیں، جب تو بندگان نفس ان پر مٹے ہوئے ہیں۔ ۱۳۲

یہ عجب عبادت ہے کہ مندروں گرجاؤں میں ہوتی ہے اور مسجدیں اس سے محروم (یعنی مزامیر) ۱۳۲

اے گروہ علماء! اگر تم مستجات چھوڑ کر مباحات کی طرف جھکو گے عوام مکروہات کریں گے، اگر تم مکروہ کرو گے تو عوام حرام میں پڑیں گے، اگر تم حرام کے مرتکب ہو گے عوام کفر میں مبتلا ہوں گے۔ ۱۳۳

کسی کیخلاف سرع مجلس میں شرکت جائز نہیں۔ ۱۳۳

مجلس ذکر و میلاد میں چراغ جلانے کا واقعہ۔ ۱۴۷

حدیث: جب کوئی مرد کسی شخص کی سیرت اور اس کے عمل سے خوش و راضی ہو تو وہ ایسے ہے جیسے اس نے بھی وہی عمل کیا۔ ۱۵۵

شاہ عبدالقادر صاحب دہلوی برادر مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب موضح القرآن کا ذکر۔ ۱۶۹

سات کے عدد کو وضع ضرر و آفت میں ایک تاثیر خاص ہے۔ ۱۸۳

درد کے عارضہ پر یہ کلمات سات بار پڑھے جائیں۔ ۱۸۴

اسپرٹ کا کھانا پینا لگانا سب حرام۔ ۱۹۳

ہیں۔۴۶۹

حدیث: قتل صبر کسی گناہ پر نہیں گزرتا مگر یہ کہ اسے مٹا دیتا ہے۔۴۶۹

جسے ظالم نے گرفتار کر کے بحالت بیکسی ومجبوری قتل کیا تو اس کی بیکسی زیادہ باعث رحمت الٰہی ہوتی ہے کہ حق اللہ وحق العبد کچھ نہیں رہتا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ۴۶۹ (سید ذیشان کی شہادت)

حدیث: آج سے عثمان کچھ کرے اس پر مواخذہ نہیں (دوبار) ۴۷۳

حدیث: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرنے لگے تو اسے کوئی گناہ نقصان نہیں دیتا۔۴۷۳

حضرت مجنون علیہ الرحمہ کا واقعہ۔۴۸۷

ہرنی کا واقعہ۔حدیث۔۴۹۱

بہتر ہے کہ نویں دسویں دونوں محرم کا روزہ رکھے۔۴۹۳

امام عالی مقام رضی اللہ عنہ کے نام پر تصدق وایصال ثواب کا طریقہ۔۴۹۳

آیۂ کریمہ: ماکان محمد ابا احد من رجالکم سنتے وقت انگوٹھے چومنا جس طرح رائج ہے ناجائز ہے۔۵۱۰

اگر کوئی شخص روضۂ انور مدینہ منورہ وکعبہ معظّمہ کے نقشوں کی طرح کاغذ پر تمثال روضۂ حضرت سید الشہداء آئینہ میں لگا کر رکھے ہرگز نہ اسے تعزیہ کہیں گے نہ اس شخص کو تعزیہ دار۔۵۱۸

بہت علماء نے تو روپوں پیسوں کا لٹانا جس طرح دلہن دولہا کی نچھاور میں معمول ہے منع فرمایا کہ روپے پیسے کو اللہ عزوجل نے خلق کی حاجت روائی کے لئے بنایا ہے تو اسے پھینکنا نہ چاہئے۔۵۲۱

مرثیوں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ??? سے منع فرمایا۔۵۲۲

تعزیہ کا چڑھاوا کھانا ان وجوہ سے جو ہم نے ذکر کیں مکروہ وناپسند ضرور ہے مگر حرام

کہنا غلط ہے۔ ۵۲۶

جو کسی قوم سے مشابہت کرے گا وہ انہی میں سے ہے' کی تحقیق۔ ۵۳۲

حدیث: عورت کو مردوں سے تشبیہ سے متعلق احادیث۔ ۵۳۸

مرد کو ہتھیلی یا تلوے بلکہ صرف ناخنوں ہی میں مہندی لگانی حرام ہے۔ ۵۴۲

دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا گزشتہ زمانے میں رافضیوں کا شعار تھا اور اب وہ ختم ہو گیا ہے لہٰذا اب وجہ اشتباہ زائل ہو جانے کی بنا پر ممانعت نہیں رہی۔ ۵۴۷

پان بلا شبہ جائز ہے اور زمانہ حضرت شیخ العالم فرید الدین گنج شکر و حضرت سلطان المشائخ نظام الملۃ والدین علیہما الرضوان سے مسلمانوں میں بلانکیر رائج ہے۔ ۵۵۳

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ایک صاحبزادی کے دفن میں فرمایا: "ان کی قبر میں وہی اترے جو آج رات اپنی عورت کے پاس نہ گیا ہو" اس سے اپنی عورت کے پاس جانے کی مذمت ثابت نہیں ہوتی۔ یہ مصالح خاصہ ہیں جن کے اسرار اہل باطن ہی جانتے ہیں۔ ۵۵۵

جو لوگ غیر خوشبودار تمباکو کھاتے ہیں اور منہ میں اسے دبا رکھنے کے عادی ہیں ان کا منہ اس کی بدبو سے بس جاتا ہے کہ قریب سے بات کرنے میں دوسرے کو احساس ہوتا ہے اس طرح تمباکو کھانا جائز نہیں کہ یہ نماز بھی یونہی پڑھے گا اور ایسی حالت سے نماز مکروہ تحریمی ہے۔ ۵۵۵

پان بے شک حلال ہے۔ حضرت محبوب الٰہی نظام الحق والدین رضی اللہ عنہ بلکہ ان سے پہلے اولیائے کرام نے اس کا استعمال فرمایا ہی۔ امیر خسرو علیہ الرحمۃ نے اس کی مدح فرمائی ہے۔ ۵۵۶

حقہ کا پانی شریعت کے نزدیک پاک ہے اسے ناپاک کہنے والا شرع پر افتراء کرتا ہے۔ ۵۵۷

مع تصویر کے بارے میں تحقیقی گفتگو۔ ۶۱۴

پان کے بارے میں تحقیقی ارشادات۔ ۵۵۷

حدیث: فقط چہرہ تصویر ہے۔ ۵٦۸

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مرغ نماز کے لئے اذان دیتا ہی جس کسی نے سفید مرغ پالا وہ تین آفتوں سے محفوظ ہو گیا۔ (۱- شیطان کے شر سے۔ ۲- جادوگر کے شر سے۔ ۳- کاہن کے شر سے) ٦۴۴

جانور پالے تو خبر گیری کی تاکید ہے کہ دن میں ستر دفعہ پانی دکھائے ورنہ پالنا اور بھوکا پیاسا رکھنا سخت گناہ ہے۔ ٦۴۴ - مع اس حوالے سے حدیث۔ ٦۵٦

